سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اردو پاکستان نمبر ۲۵۳

نوادر الالفاظ

تصنیف سراج الدین علی خان آرزو

مع

غرائب اللغات عبدالواسع ہانسوی

تصحیح و تحشیہ و مقدمہ

از جناب ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب

(صدر شعبۂ اردو اورینٹل کالج لاہور)

شائع کردہ

انجمن ترقی اردو پاکستان - کراچی

۱۹۵۱ء

سالِ نو کا نفیس ادبی تحفہ

تاریخ
مسلمانانِ پاکستان و بھارت

جلد اوّل: "عہد کشور کشائی"

(محمدؐ ابن قاسم سے اورنگ زیب عالم گیر تک)

معہ

مقدمہ: زمانہ قبل از اسلام

اِسلامی ہند کی یہ معرکۃ الآرا تاریخ جسے انجمن ترقیٔ اردو نے بہ طور خاص لکھوایا ہے، تیار ہوگئی ہے۔

واقعات کی تحقیق و ترتیب اور بیان کی خوبی کے اعتبار سے غالباً ایسی بہ کوئی کتاب اِس موضوع پر اردو زبان میں نہیں لکھی گئی۔ پاکستان کے ہر تعلیم یافتہ مسلمان کو اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ ادبی اعتبار سے بقول ڈاکٹر عبدالحق صاحب، یہ کتاب زبان کی فصاحت و شگفتگی کا عمدہ نمونہ ہے کہ اہل نظر پڑھ کر خوش ہوں گے اور نئے اِنشاپرداز اور طلبہ بہت کچھ اِستفادہ کرسکیں گے۔

ضخامت چھ سو صفحات، چند نقشے اور تصویریں۔ کتابت و طباعت نہایت صاف اور کاغذ عمدہ قسم کا لگایا گیا ہے۔ فی مجلد سات روپے آٹھ آنے قیمت ہے۔

مقدّمہ

(ازجناب مرتّب۔ ڈاکٹر سیّد عبداللہ صاحب)

(۱)

اُردو میں فرہنگ نویسی کا باقاعدہ آغاز عہد عالمگیری میں ہوتا ہے چنانچہ اُردو کا قدیم ترین لغت غرائب اللغات اسی زمانے میں لکھا جاتا ہے۔ خان آرزو کی کتاب نوادر الالفاظ (جو اب زیور طبع سے آراستہ ہو رہی ہے) غرائب ہی کی ترقی یافتہ صورت ہے۔ یہاں یہ بتانا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اُردو ارتقا کی کئی منزلوں سے گزر کر فرہنگ نویسی کے اس دور تک پہنچتی ہے۔ اس سلسلے میں قابل توجہ امر یہ ہے کہ ان سب منزلوں میں اُردو فارسی کے زیر سایہ ترقی کرتی ہے چناں چہ ہم دیکھتے ہیں کہ ہندستان میں فارسی اور ہندی کے اختلاط کے زیر اثر ہندی پہلے پہل الفاظ و مفردات کی صورت میں فارسی کتابوں میں داخل ہوتی ہے پھر ہندی محاورات ترجمہ ہو کر فارسی کتابوں کا جزو بنتے ہیں، اسی طرح فارسی لغت کی کتابوں میں (جو بیش تر ہندستان میں لکھی گئی تھیں) فارسی تشریحوں کے ساتھ ساتھ ہندی کے لفظ بھی لائے جاتے ہیں تاکہ ہندستان کے عام خواندہ لوگ ہندی الفاظ

کی مدد سے فارسی لفظوں کے صحیح معنی معلوم کرسکیں غرض آمیزش واختلاط کا یہ سلسلہ جاری رہتا ہو تاآں کہ اُردو بالآخر ایک قائم بالذات اور مستقل ادبی اور زندہ زبان کی حیثیت سے سامنے آتی ہو، ہندی اور فارسی کے اس اختلاط کی ایک شکل نصاب اور فرہنگ تھے جن میں ہندی یا اُردو کو محض بطور تشریح کی زبان کے استعمال کیا جاتا ہو۔ غرائب کو اسی صورت کا نمائندہ سمجھنا چاہیئے۔

تاریخ ہندستان کے عہد اسلامی میں فارسی کی تحصیل وتدریس معاش اور وقار کے اعتبار سے بڑی اہم چیز تھی۔ ہندستانی بچوں کے لئے قدرتی طور پر یہ ضروری تھا کہ وہ فارسی وعربی کو اپنی مادری زبان کے ذریعے سکھیں چنانچہ اس غرض کے لئے ابتدائی تعلیمی کتابوں کا رواج ہوا جن کو نصاب کہا جاتا تھا۔ نصاب کی کتابیں ایران میں بھی لکھی گئی تھیں۔ ان ایرانی نصابوں کا مقصد ایرانی بچّوں کو فارسی کی مدد سے عربی زبان سکھانا تھا ہندستان کے اُردو نصابوں کا مقصد بھی یہی تھا کہ ہندستانی بچے ہندی کی مدد سے فارسی یا عربی کے ابتدائی ذخیرۂ الفاظ پر عبور حاصل کرلیں۔

اُردو نصابوں کا یہ سلسلہ عام روایت کے مطابق خالق باری سے شروع ہوتا ہو جو عموماً امیر خسرو کی طرف منسوب کی جاتی ہو (اگرچہ پروفیسر شیرانی کی تحقیق کے مطابق وہ دسویں صدی ہجری کی تصنیف ہو) بابر اور ہمایوں کے زمانے کے بعد اُردو کے نصاب بہ کثرت لکھے گئے خصوصاً اورنگ زیب عالمگیر کے زمانے میں اس قسم کی تصانیف کی رفتار بہت تیز ہوگئی تھی۔ اورنگ زیب کے زمانے میں اور اس کے بعد نصابوں کی کثرت اس بات کا پتہ دیتی ہو کہ اس زمانے میں اُردو ہندی، تعلیمی

ضرورتوں میں زیادہ سے زیادہ استعمال ہونے لگی تھی اور دیسی زبان کی ضرورت اور اہمیت کا عموماً اعتراف کر لیا گیا تھا۔

فارسی میں ہندی ایرانی نزاع اور فارسی ادب میں 'ہندستانیت' کی تحریک نے (جو عہد شاہ جہانی کے بعد ہندستان میں بڑی شدت اختیار کر چکی تھی) دیسی زبان کے فروغ و ترقی میں بڑا حصہ لیا جس کا ایک نتیجہ یہ ہوا کہ عام اہل علم فارسی کی بجائے اپنی زبان میں لکھنے پڑھنے کی طرف مائل ہو گئے۔ اور ظاہر ہے کہ اس کے طفیل اُردو کو بہت تقویت ملی۔

اس رجحان کے ابتدائی آثار دہلی سے کچھ دور ہریانہ کے علاقے میں ظہور میں آئے، چناں چہ عہد شاہجہانی کے آخر میں ہریانہ کے علاقے میں ایک ادبی تحریک پیدا ہوتی ہے جو ہریانہ کے علاوہ آس پاس کے دوسرے علاقوں کو بھی متاثر کرتی ہے۔ اگرچہ یہ صحیح ہے کہ اس ادب کو کنے والے اُردو ادب کے مقابلے میں چنداں اہمیت نصیب نہیں ہوئی تاہم اس میں کچھ شک نہیں کہ شمال میں دہلی سے پہلے اسی علاقے میں اُردو کی تصنیفی تحریک کا آغاز ہوتا ہے۔ چناں چہ منظومات کے علاوہ اُردو کا پہلا فرہنگ بھی اسی علاقے کی پیداوار ہے۔ میری مراد غرائب اللغات سے ہے جو اگرچہ غایت اور مقصد کے اعتبار سے اُردو کا لغت نہیں مگر اسلوب اور فائدے کے لحاظ سے ہم اس کو یقیناً اُردو کا پہلا فرہنگ قرار دے سکتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ غرائب اللغات کو اس کی لسانی اہمیت کے پیش نظر زبان اُردو کا کوئی محقق اور طالب العلم نظر انداز نہیں کر سکتا۔

غرائب اللغات کے مصنف میر عبدالواسع جیسا کہ ان کی نسبت سے ظاہر ہے، ہریانہ کے رہنے والے تھے۔ افسوس ہے کہ ان کے حالات زندگی

بہت کم ملتے ہیں۔ ہم ان کے متعلق زیادہ سے زیادہ یہ جانتے ہیں کہ وہ اورنگ زیب عالمگیر کے زمانے کے بزرگ ہیں اور انھوں نے فارسی میں کچھ کتابیں لکھی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی تصانیف ان کے زمانے میں تدریسی حلقوں میں بہت مقبول ہوئیں مگر تذکروں میں ان کے حالات نہ ملنے کی وجہ سے یہ نتیجہ نکالنا پڑتا ہے کہ ملک کے بلند پایہ علمی حلقوں میں ان کو کوئی ممتاز مقام نصیب نہیں ہوا۔

زیرِ بحث تصنیف (غرائب) انھوں نے ہندستانی فارسی دانوں کی مشکلات دور کرنے کے لئے لکھی۔ چناں چہ دیباچے میں لکھتے ہیں:-

"..... ہرچند ایں ہیچ مدان را لیاقت ترتیب و قابلیت تالیف نبود لیکن کثرت الحاح جمع کثیر از اصحاب و فرط اقتراح جم غفیر اولی الالباب باعث براں شد کہ اسماء غیر مشہورہ و اشیاء موفورہ و الفاظ غیر مانوسہ معانی بین الانام مذکورہ را بہ عبارات واضحہ و اشارات لائحہ بیان نماید تا فائدہ آں عام و نفع آں تام باشد"

غرائب کی تصنیف کا مقصد خان آرزو نے نوادر الالفاظ کے دیباچے میں اس سے زیادہ وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے:-

"می گوید فقیر حقیر سراج الدین علی آرزو تخلص کہ یکے از فضلائے کامگار و علمائے نامدار ہندستان جنت نشان، کتابے در فن لغت تالیف نمودہ مسمی بہ غرائب اللغات، و لغات ہندی کہ فارسی یا عربی یا ترکی آں زبان زد اہل دیار کمتر بود در آں با معانی آں مرقوم فرمودہ"

غرائب کی ترتیب حروفِ تہجی کے اعتبار سے ہے مگر یہ محسوس ہوتا ہے

کہ میر عبدالواسع کو لغت نگاری کے تقاضوں سے پوری پوری واقفیت نہ تھی۔ اس لغت میں لفظوں کی ترتیب بے حد ڈھیلی ہے اور بہت سے موقعوں پر پہلے حرف کی رعایت سے قطع نظر لفظ کے باقی حروف کے معاملے میں بھی صحیح ترتیب کو مدنظر نہیں رکھا۔

کتاب کے خاتمے میں ایک فصل ہے جس میں جانوروں کی کنیتیں دی گئی ہیں۔ (غرائب کے بعض نسخوں میں یہ کنیتیں الگ الگ حروف کے ماتحت بھی دی گئی ہیں)

جیسا کہ پہلے اشارہ کیا گیا ہے اُردو میں لغت نگاری کی تاریخ کے سلسلے میں غرائب کو نظر انداز کرنا ممکن نہیں خصوصاً تقدم زمانی کی وجہ سے اس کو جو اہمیت حاصل ہو گئی ہے اس کو کسی طرح گھٹایا نہیں جا سکتا۔ درحقیقت ہانسوی کی اس کتاب میں وہ سب خصوصیتیں موجود ہیں جو کسی فن کے موسس اور ابتدا کرنے والے شخص کی تصنیف میں ہوا کرتی ہیں۔ ایسی کوششیں اس لحاظ سے بڑی قابل قدر ہوتی ہیں کہ وہ بعد میں آنے والوں کو راستہ دکھاتی ہیں۔ بہ ایں ہمہ تحقیق وصحت کے اعتبار سے غرائب کو بلند پایہ تصنیف نہیں کہا جا سکتا۔ یہ ایک سیدھی سادی کتاب ہے جس میں متوسط درجے کے طلبۂ علم کی ضرورتوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ اس کی تشریحیں مختصر اور بعض اوقات بے حد تشنہ ہوتی ہیں بلکہ بیشتر عربی یا فارسی مرادفات تک محدود ہوتی ہیں۔

میر عبدالواسع کا تصنیفی رجحان مدرسانہ ہے ان کی تمام کتابیں اسی تدریسی مقصد سے لکھی گئی ہیں چناں چہ اُن کی بہترین اور مشہور ترین کتاب "رسالہ در قواعد فارسی" کا سارا ڈھانچ اور انداز بیان بھی تدریسی ہے۔

ان کی ایک اور تصنیف یوسف زلیخا کی شرح ہے جس میں بظاہر انھوں نے اظہار علم کی بڑی کوشش کی ہے مگر اس میں بھی ان کی پرواز مکتب کی دیواروں سے بلند ہوتی دکھائی نہیں دیتی اس میں بھی وہی فرہنگ نویسی کا سا انداز ہے، شعر کی لطافتوں سے بحث نہیں اور ادبی خوبیوں پر سے پردہ اٹھانے کی مطلقاً کوشش نہیں کرتے۔

باقی رہی صمد باری یا جان پہچان سو اس میں کسی وسعت اور بلندی کی توقع ہی نہیں ہو سکتی کیوں کہ وہ کم عمر بچّوں کے لئے لکھی گئی ہے ہانسوی کے اس مدرسانہ مطمح نظر کا نتیجہ یہ ہے کہ ان کی تشریحیں غرائب اللغات میں بھی عموماً سطحی ہیں۔ وہ ایک متوسط درجے اور عام ذہن کے طالب العلم کو اپنے مدنظر رکھتے ہیں اور تنقیح و تحقیق کی مطلق کوشش نہیں کرتے، فارسی کے قدیم لغات کی ورق گردانی کے معاملے میں گو کہ ان کی چابکدستی کا پتہ ضرور چلتا ہے مگر اس میں بھی اُن کی سطحیت ان کے ساتھ جاتی ہے۔ چناں چہ اُردو لفظوں کے مقابلے میں وہ فارسی اور عربی کے جو مرادفات لاتے ہیں اکثر اوقات ان کے باریک امتیازات کو نظر انداز کر جاتے ہیں۔ مثلاً پہیلی کی تشریح یوں کرتے ہیں:-

"معمائے کہ کسے را پرسند و آں را چیستاں نیز گویند، لغز بضم لام و فتح غین معجمہ و زاء معجمہ" حالاں کہ لغز اور معمہ میں بہت بڑا فرق ہے۔

تیل ہماری زبان کا ایک عام لفظ ہے جو کسی تشریح کا محتاج نہیں اور اس کا عربی فارسی مرادف بھی چنداں دشوار نہیں۔ مگر میر عبدالواسع اس لفظ کی تشریح میں بڑا دل حبیب اور محیر العقول نکتہ پیدا کرتے ہوئے فرماتے ہیں: تیل بمعنی روغن کنجد (یعنی تلوں کا تیل) حالاں کہ یہ غلط محض ہے۔ تیل

عام ہی اور تلوں کا تیل ایک خاص تیل ہی۔ اس کے علاوہ اس کا عربی مرادف "حل" قرار دیا ہی حالاں کہ یہ درست نہیں۔

اسی طرح ٹھگ کے لئے فارسی لغات میں جب کسی مرادف کی تلاش کرتے ہیں تو جو لفظ انھیں جس شکل میں مل جاتا ہی اُس کو اسی طرح لکھ ڈالتے ہیں۔ چناں چہ مشتنگ کو مشتگ پڑھ کر جوں کا توں رکھ دیتے ہیں۔ اسی طرح جالا کی تشریح کرتے ہوئے عجیب و غریب "غلط بانی" کرتے ہیں ان کے نزدیک جالا صرف مکڑی کا جالا ہی حالاں کہ جالے اور بھی ہو سکتے ہیں اس کے بعد اس کے مرادف کے معاملے میں بھی وہی "نقل را ہم عقل" کا ثبوت پیش کرتے ہیں یعنی کروتینہ یا کرتینہ کو کرتیہ پڑھ کر وہی لکھ دیتے ہیں۔ اسی طرح اُنھوں نے کاٹھڑا کے سلسلے میں نقارہ کو تغار پڑھا اور وہی لکھ دیا۔

اُردو لفظوں کے فارسی عربی کے مرادفات کا جو حال ہی وہی حال اُن کی تشریحوں کا ہی۔ وہ تشریحوں میں عموم خصوص کی غلطیاں بہت کرتے ہیں یعنی ایک عام مفہوم کو خاص معنوں میں بیان کر دیتے ہیں اور خاص مفہوم کو عام معنوں میں سمجھ لیتے ہیں۔

ان کا مشاہدہ بھی بہت ناقص معلوم ہوتا ہی چناں چہ وہ ان چیزوں کی بھی صحیح تعیین نہیں کر سکتے جن کا تعلق ماحول سے اور عام زندگی سے ہی۔ مثلاً سہرا ان کے نزدیک ایک قسم کا تاج ہی اور شکنجہ کو وہ "چوبکے شگافتہ" کہتے ہیں حالاں کہ وہ دو شگافتہ لکڑیوں کا نام ہی جن کو کس دیا جاتا ہی۔

وہ پنیر اور جغرات اور ٹھگ اور چور کے فرق کو نہیں جانتے۔ ان کے نزدیک سینگی اور تونبڑی ایک ہی چیز کے دو نام ہیں۔ جغرافیہ و تاریخ کے

معاملے میں ہمارے پرانے لغت نگاروں کا تصور عموماً ناقص رہا ہے چناں چہ لغت کی بہت کم کتابیں ایسی ہوں گی جن میں شہروں اور ملکوں کا صحیح جغرافیائی تصور دلایا گیا ہو۔ جب بڑے بڑے لغت نگاروں کا یہ حال ہے تو بیچارے ہانسوی کس شمار میں ہیں۔ ان کے ہاں ایران و توران کے اوضاع و اطوار کا تو کیا ذکر ہے خود ہندستان سے متعلق اسما و اشیا کی بحث ناقص ہے، وہ پرندوں اور پھولوں کے متعلق قیاس سے کام لیتے ہیں اور ایران و ہندستان کی مخصوص اشیا میں بڑا خلط مبحث کرتے ہیں۔ چناں چہ پپیہا جو ہندستان کا مشہور پرندہ ہے اسے ایران میں ڈھونڈھتے پھرتے ہیں۔ توتی جو خالص ایرانی چیز ہے اس کو طوطا (یا توتا) کا رشتہ دار بنا دیتے ہیں۔

میر عبدالواسع کی مندرجہ بالا بے احتیاطیاں قابل معافی بھی ہو سکتی ہیں مگر ان کی وہ غلطیاں جن کا تعلق خود اردو کے الفاظ سے ہے ہمیں غرائب سے بہت بدظن کر دیتی ہیں۔ مثلاً جو شخص گھن کو ایک "کرم چوب خوار" قرار دے لے اس کی قوت مشاہدہ اور عام معلومات کے بارے میں کون کلمۂ خیر کہہ سکتا ہے۔ بےکار اور بےگار میں فرق نہ کرنا۔ اندرسا اور جلیبی کو ایک چیز سمجھ لینا، تکمہ اور گھنڈی میں گڑبڑ کر دینا اور اس قسم کی بےشمار فروگزاشتیں غرائب کے ہر ہر صفحے پر موجود ہیں۔

ہانسوی اشیا اور حقائق کا صرف ایک آدھ رخ دیکھتے ہیں اور کسی وحدت کے سب پہلوؤں کو دیکھنے کے عادی نہیں۔ حالاں کہ اعلا لغت نگار کو حقیقت کی نہ صرف تشخیص کرنا چاہیے بلکہ اس کے سب پہلوؤں کو سامنے رکھنا چاہیے۔ چناں چہ بجاؤنا (یعنی بجانا) ایک عام لفظ ہے اس کے معنی ہیں۔ "کوفتن نقارہ و دہل و امثال آں، نواختن" لیکن یہ ظاہر ہے کہ بجانے کا

اطلاق صرف ڈھول کے بجانے پر ہی نہیں ہوتا بلکہ تار کی موسیقی پر بھی بجانے کا اطلاق ہوتا ہے۔ مثلاً بانسری وغیرہ بجانا، مگر وہ صرف ڈھول پیٹ کر اور نقارہ بجاکر رہ جاتے ہیں۔ اور بھر کوفتن اور نواختن میں بھی امتیاز نہیں کرتے۔ اسی طرح کھوجی کے ضمن میں لکھتے ہیں۔

پے شناس کہ نشاں پائے دزد را شناسد وآں را پے گیر گویند، قائف"
مگر کھوجی کے لئے صرف چور کی پے گیری کی قید نہیں۔ ایک کھوجی کسی بھاگے ہوئے آدمی کا بھی کھوج لگا سکتا ہے۔

غرائب کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس کے اردو الفاظ ہریانی تلفظ اور لہجے کے تابع ہیں۔ چناں چہ ہم دیکھتے ہیں کہ خان آرزو نوادرالالفاظ میں غرائب کی تنقید کرتے وقت ہانسوی کے گنواری لہجے اور تلفظ پر شدید اعتراض کرتے ہیں۔ ایسے الفاظ جو خاص ہریانہ سے مخصوص ہیں غرائب میں خاصی تعداد میں ہیں۔ مثلاً آگل یا اگل بجائے بینڈا (چوبے کہ در پیش در افگنند تا زود باز نشود")

ایوارا بجائے کھڑک یا کھرک (جائے کہ در صحرا وکوہستان برائے چارپایاں سازند تا شب آں جا باشند)

چھنیل بجائے چھنال (زن بدکارہ کہ بفارسی روسپی ......) ڈبا (گوشت پارۂ کہ شتر بوقت مستی از دہن بیروں آرد ....) آرزو کا بیان ہے کہ یہ لفظ اس معنی میں اکبر آباد اور شاہ جہاں آباد میں نہیں شاید صاحب رسالہ (یعنی ہانسوی) کے وطن سے متعلق ہوگا۔

گپ چپ ("طفلے دہان خود را پر باد سازد و دیگرے چناں زند کہ باد از دہانش بجہد و صدا ازاں برآید۔ یں بازی مخصوص اطفال است")

مگر یہ لفظ دہلی و اکبرآباد میں اس معنی میں مستعمل نہیں۔
ان کے علاوہ لاثا، ہڑبھنا، بجل (بہ معنی شتل)، سلم، بودکی وغیرہ بھی اسی قبیل سے ہیں۔ غرائب میں بہت سے الفاظ ایسے ہیں جسے عوام اور قصباتیوں کی بول چال کے الفاظ کہنا چاہیئے۔ اسی طرح بعض لفظوں کا تلفظ پنجابی زبان کے تابع ہی۔ (اگرچہ بعض کو تلفظ عوام میں شمار کیا جا سکتا ہی)۔
مثلاً بہلائی بجائے بھلائی (= بی شادی) مطابق تلفظ پنجاب۔

پساری　بجائے　پنساری
بیرکھ　بجائے　بیرق
پیہو　بجائے　پشّو
کلابا　بجائے　قلبہ
رُوش　بجائے　رَوِش
ریحل　بجائے　رحل
آفتاوا　بجائے　آفتابہ
پجاوا　بجائے　پزاوہ
بیروجا　بجائے　برونزہ
جچا　بجائے　زچہ یا زچا
کیف　بجائے　قیف (پنجاب میں عموماً ق کا تلفظ ک سے کیا جاتا ہی)
چرکھی　بجائے　چرخی
چھرا　بمعنی　استرا

یہاں یہ ذکر کرنا ضروری معلوم ہوتا ہی کہ اگرچہ بعد کے محققین نے غرائب اللغات کے اس قصباتی اور دیہاتی رنگ پر لے دے کی ہی مگر حقیقت

یہ ہے کہ ہمارے نزدیک وہ اپنی اسی خصوصیت کی بنا پر ایک خاص امتیاز کی مالک ہے کیوں کہ (جیساکہ آگے چل کر بیان ہوگا) یہ کتاب ہمیں اس وقت کی مروجہ اُردو زبان سے روشناس کراتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ غرائب اللغات اپنی خامیوں کے باوجود تاریخ زبان اُردو کے محقق کے لئے بڑی اہمیت رکھتی ہے عالمگیر اورنگ زیب کے زمانے میں شمالی ہندستان میں زبان کی جو حالت تھی اس کی بہت سی خصوصیات پر غرائب اللغات مفید روشنی ڈالتی ہے۔

جیساکہ پہلے بیان ہوا ہے میر عبدالواسع ہریانہ سے تعلق رکھتے ہیں اور ہریانہ ہی وہ علاقہ ہے جہاں شمالی ہندستان میں دلی سے بھی پہلے ایک ادبی تحریک پیدا ہوتی ہے۔ اس عہد کے ادبی کام کو دیکھ کر یہ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ہریانی زبان کا اثر ہریانہ کی حدود سے بھی آگے پہنچتا ہے۔ چناں چہ خود دہلی کی زبان بھی ہریانی سے متاثر نظر آتی ہے۔ نوادرالالفاظ میں جو دہلی میں لکھی جاتی ہے، الفاظ کی بہت سی مکتوبی اور ملفوظی صورتیں وہی ہیں جو غرائب اللغات میں موجود ہیں اگرچہ خان آرزو ہانسوی کے بہت سے الفاظ کو ٹکسال باہر قرار دیتے ہیں مگر بہت سے ایسے الفاظ کو قبول بھی کر لیتے ہیں جنھیں بعد کے مصلحین زبان اُردو نے مکروہ اور گنواری قرار دے کر زبان سے خارج کر دیا۔

اس لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو غرائب اللغات مطالعہ لسانی کے سلسلے میں بڑی مفید کتاب ہے کیوں کہ اس سے ہریانہ و دہلی اور اُس کے مضافات بلکہ شمالی ہندستان کی رائج الوقت اُردو زبان کے ایک تاریخی دور پر بہت کچھ روشنی پڑتی ہے، غالبًا اسی وجہ سے اپنے زمانے میں غرائب اللغات کی یہ اہمیت تسلیم کی گئی۔ چناں چہ خان آرزو جیسے محقق فاضل نے اس کو قابل اعتنا خیال کیا اور اس کو نوادرالالفاظ کی بنیاد اور اساس بنایا۔

غرائب اللغات اور نوادر الالفاظ کی تقابلی حیثیت کا صحیح اندازہ نوادر کے تبصرے سے ہوگا مگر یہاں اشارتاً یہ کہہ دینا کافی ہوگا کہ نوادر الالفاظ ایک اعلیٰ درجے کی محققانہ اور ناقدانہ تالیف ہی جو نہ صرف زبان اور لغت کے اعتبار سے بلند درجہ رکھتی ہی بلکہ اس میں لسانیات، قواعد زبان اور عام ادبی تنقید کے علاوہ تاریخی اور مجلسی معلومات کا بہت قیمتی ذخیرہ ملتا ہی جس کی وجہ سے ہم یہ کہنے میں غیر حق بجانب نہیں ہوں گے کہ غرائب اس کے مقابلے میں ایک مبتدیانہ کوشش معلوم ہوتی ہی۔ چناں چہ نوادر کے تفصیلی تبصرے سے اس کی تائید ہو گی۔

(۲)

اُردُو کی لغت نگاری کے سلسلہ میں میر عبدالواسع ہانسوی سے ممتاز تر اور اہم تر شخصیت سراج الدین علی خاں آرزو کی ہی۔ ان کا لغت نویسی کے علاوہ اُردُو کی عام تعمیر و ترقی میں بھی بڑا حصہ ہی۔ مجموعہ نغز کے مصنف کا قول اس کے ثبوت میں پیش کیا جاتا ہی۔

> بشائبہ کہ علماء اہل حق را دامت برکاتہم امام ہمام قبلۂ انام ابوحنیفہ کوفی رضی اللہ عنہ می گویند اگر شعرائے ہندی زبان را عیال خان آرزو گویند سزاست (مجموعۂ نغز ج ۱، ص ۲۴)

یہ صحیح ہی کہ وہ اُردُو کے اکابر شعرا میں شمار نہیں کیے جاتے اور ان کی تصانیف میں (جہاں تک مجھے معلوم ہوسکا) ریختہ دیوان شامل نہیں۔ تذکروں میں زیادہ سے زیادہ دس پندرہ اشعار ان کی طرف منسوب ہیں۔ با ایں ہمہ اکثر قدیم و جدید تذکرہ نگار اُردُو اور ریختہ کے سلسلے میں ان کا ذکر

بڑے ادب و احترام سے کرتے ہیں اور اس دور میں اردو شاعری اور زبان کی ترقی کا سہرا انہی کے سر باندھتے ہیں۔ اس سے قدرتاً یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ انھوں نے اپنی زندگی میں اردو کی کوئی ایسی بڑی خدمت انجام دی ہے جس کے اقرار و اعتراف میں ان کے ہر معاصر کو رطب اللسان ہونا پڑا۔

میر تقی میر تذکرہ نکات الشعرا میں کہتے ہیں :۔

"ہمہ اوستادان مضبوط فن ریختہ ہم شاگردان آں بزرگوارند"

اسی طرح قائم نے مخزن نکات میں اور میر حسن نے اپنے تذکرہ میں ان کی عظمت کا اعتراف کیا ہے۔ مولانا آزاد نے آب حیات میں لکھا ہے "خان آرزو کو زبان اردو پر وہی دعویٰ پہنچتا ہے جو کہ ارسطو کو فلسفہ و منطق پر ہے"۔

واقعہ یہ ہے کہ خان آرزو کی عظمت ان کی اردو شاعری کی بنا پر نہیں کیوں کہ اس کا سرمایہ بہت کم بلکہ نہ ہونے کے برابر ہے، البتہ انھوں نے اپنے زمانے کے بڑے بڑے شعرائے اردو کو متاثر ضرور کیا ہے۔ ان کے مکانوں پر مشاعرہ کی مجلس بھی ہوا کرتی تھیں۔ اس کے علاوہ مشاعرہ کی دوسری محفلوں میں بھی ان کی شرکت کا حال تذکروں میں ملتا ہے۔ ان مجلسوں میں آرزو کی تنقید و اصلاح سے بہت سے شعرا نے فن شعر، اور ذوق ادب کی ترتیب پائی۔

ان کے شاگردوں[1] کے کچھ نام تذکروں میں مل جاتے ہیں مگر اس

---

[1] چند شاگردوں کے نام یہ ہیں: (ان میں بعض نام ایسے ملیں گے جن کو باقاعدہ شاگرد کی بجائے تربیت یافتہ کہنا چاہیئے) میر تقی میر، مرزا سودا، خواجہ میر درد، شاہ مبارک آبرو، شرف الدین مضمون، یکرنگ، زین العابدین آشنا، ٹیک چند بہار، بے نوا، حسن علی شوق، علامہ کشمیری، انندرام مخلص، محمد محسن اکبرآبادی، شہاب الدین ثاقب، میر ناصر ساماں،

فہرست کو ہم مکمل نہیں کہہ سکتے۔ اور نہ اس سے آرزو کے اس وسیع اثر کا اندازہ ہو سکتا ہی جو بارھویں صدی ہجری میں شاہ جہاں آباد کے علمی حلقوں پر ہوا کیوں کہ اس زمانے کے تذکروں کے اوراق ان کی عظمت کے تذکروں سے مالا مال ہیں۔ ان کی جو تصویر خزانۂ عامرہ، مردم دیدہ، سفینۂ خوش گو، اور گل رعنا میں نظر آتی ہی اس سے ان کے علم وفضل اور ان کے تبحر کا صحیح صحیح اندازہ ہو سکتا ہی۔ حق یہ ہی کہ ان کے زمانے میں کوئی فارسی ماہر ہو یا ریختہ کا شاعر، ہر شخص ان کی ذات کو اپنے لیے مرجع سمجھتا تھا۔

غرض یہ ہی کہ خان آرزو کا علم وفضل اور فارسی شعر کے قواعد ودقائق پر عبور اور ان کی بے مثال شخصیت فارسی اور اُردُو دونوں میں کام کرنے والوں کے لیے یکساں طور پر سرچشمۂ فیض اور شمع ہدایت تھی۔

کہنے کو یہ تو کہا جاتا ہی (اور کسی حد تک صحیح بھی ہی) کہ جان جان مظہر پہلے شخص تھے جنھوں نے ریختہ کو فارسی کے قالب میں ڈھالا مگر اس سے انکار نہ ہو سکے گا کہ اُردُو کو فارسی کے انداز پر لانے میں آرزو کا بھی کچھ کم حصہ نہیں لالہ سری رام، خمخانۂ جاوید میں صحیح لکھتے ہیں:-

"انہی کی رسائیٔ طبع کا نتیجہ تھا کہ اپنے فارسی مذاق کے پیرایہ میں اُردُو کے اشعار میں ایک خاص رنگ پیدا کر دیا تھا" ان کی فارسی سے متعلق تصانیف کی فہرست طویل ہی[1] ان کا وطن اکبرآباد تھا۔ گوالیار میں بہ سلسلہ ملازمت رہے۔

---

[1] مجمع النفائس شعرائے فارسی کا تذکرہ ہی۔ مثمر قواعد زبان اور لسانیات سے متعلق ایک بلند پایہ تصنیف ہی۔ عطیہ کبریٰ اور موہبت عظمیٰ علم بیان اور معانی سے متعلق ہیں سراج اللغات اور چراغ ہدایت فارسی لغت کی کتابیں ہیں۔ داد سخن نقد شعر سے متعلق ہی۔ فارسی اشعار کا دیوان بھی ہی۔ اس کے علاوہ کئی شروح بھی ہیں۔ نوادرالالفاظ جو اس مقالے کا موضوع ہی انہی کی تصنیف ہی۔

بعد میں شاہ جہاں آباد دہلی میں قیام ہوا۔ ان کی تصانیف سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سنسکرت (ہندی کتابی)، ہندی، پنجابی اور دوسری ہندستانی زبانوں سے بخوبی واقف تھے۔ ان اوصاف کی بنا پر ہندستانی زبانوں کے متعلق ان کی زباندانی مسلّم تھی۔

آرزو نے اُردو کے سلسلے میں ایک بڑی خدمت یہ انجام دی کہ انھوں نے خود اُردو میں شعر لکھ کر اور اپنے شاگردوں کو اُردو شاعری کی طرف توجہ دلاکر اُردو کا وقار بڑھایا ان سے پہلے اُردو میں شعر کہنا علمی اور ادبی حلقوں میں باعث وقار نہ تھا انھوں نے اس داغ "بے اعتباری" کو ہمیشہ کے لئے دھوڈالا۔

آرزو کا ایک بہت بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے ہندستانی زبان کی لسانی تحقیق کی بنیاد رکھی، ہندستانی فیلالوجی کے ابتدائی قواعد وضع کئے، اور زبانوں کی مماثلت کو دیکھ کر ان کے توافق اور وحدت کا راز معلوم کیا۔ یہ اصول ان کی کتاب مثمر میں بتفصیل ملتے ہیں۔ اس کے علاوہ لغت کی کتابوں میں بھی جہاں موقعہ ملتا ہے وہ قواعد زبان کی بحث میں خاصی دلچسپی لیتے ہیں۔

آرزو بطور لغت نگار کے

آرزو ایک بلند پایہ لغت نگار تھے۔ انھوں نے لغت نویسی کا معیار بلند کیا۔ فارسی کے عام لغت نگاروں کے مقابلے میں ان کی تحقیق وجستجو کا انداز نہایت عالمانہ اور محققانہ ہے۔ فارسی لغات میں فرہنگ جہاں گیری اس فن کی بہترین کتاب مانی جاتی ہے مگر اس میں کچھ شک نہیں کہ آرزو کی کتابیں (سراج اللغات وغیرہ) تحقیق کے اعتبار سے فرہنگ جہاں گیری

سے بہت آگے معلوم ہوتی ہیں۔

جہاں تک اردو لغت نگاری کا تعلق ہے ہم آرزو کو اردو کا پہلا معیاری اور بلند پایہ لغت نگار قرار دے سکتے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ میر عبدالواسع ہانسوی کو ان پر تقدم ہے مگر فن اور معیار کے اعتبار سے خان آرزو ہی کو ترجیح حاصل ہے۔

اردو لغت نویسی کے سلسلے میں آرزو کی تالیف نوادر الالفاظ بہت بڑی اہمیت کی مالک ہے۔ اس کا سال تصنیف سنہ ۱۱۶۵ھ ہے چناں چہ آرزو نے نوادر میں لفظ بیساکھ کے ضمن میں خود تصریح کی ہے۔

"لیکن تفاوت در بیساکھ و فروردی اتفاق می افتد چناں کہ امسال کہ نوروز بست و چہارم محرم ۱۱۶۵ھ[1] واقع شدہ و آں غرۂ فروردی است و در بیساکھ نوزدہ یا بست روز می باید"

نوادر کا سبب تصنیف آرزو نے دیباچے میں خود بیان کیا ہے۔

"می گوید فقیر حقیر... آرزو کہ یکے از فضلائے کامگار و علمائے نامدار ہندستان جنت نشان کتابے درفن لغت تالیف نمودہ مسمی بہ "غرائب اللغات" و لغات ہندی کہ فارسی یا عربی یا ترکی آں زباں زد اہل دیار کمتر بود دراں با معانی آں مرقوم فرمودہ چوں دربیان معانی الفاظ تساہلے یاسقم بنظر آمد لہذا نسخہ دریں باب بقلم آوردہ جائے کہ سہو و خطائے معلوم کرد اشارات بداں نمودہ و نیز آں چہ بہ تتبع ناقص ایں کمال دوست درآمد براں افزود"

---

[1] نوادر کے ایک نسخے میں سنہ ۱۱۹۶ھ ہے مگر یہ غلط ہے اس لیے کہ آرزو کا انتقال اس سے بہت پہلے ہو چکا تھا۔

کہنے کو تو یہ تالیف غرائب اللغات کی تصحیح و ترمیم ہے مگر ان مفید اور عالمانہ تنقیدوں اور اضافوں کو دیکھ کر جن کا ثبوت ہر ہر صفحے پر ملتا ہے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ یہ تالیف اپنی ایک مستقل حیثیت رکھتی ہے اور غرائب کا اور اس کا کوئی مقابلہ نہیں ہو سکتا۔

آرزو نے معنوی اصلاح کے علاوہ غرائب کی ترتیب کو بھی درست کیا ہے کیوں کہ غرائب میں پہلے حرف کی رعایت تو تھی دوسرے حروف کی رعایت ملحوظ نہ تھی۔ آرزو نے نوادر میں اس سقم کو دور کرنے کی کوشش کی ہے۔ ؎۱

آرزو نے غرائب کے سب الفاظ کو نوادر میں لے لیا ہے (ہر چند کہ ان الفاظ کے تلفظ اور املا وغیرہ کے سلسلہ میں اعتراضات بھی کئے ہیں) انھوں نے اپنی طرف سے جن الفاظ کو شامل کیا ہے وہ یا تو ہندی کتابی (سنسکرت) سے متعلق ہیں یا پھر فارسی اور ترکی کے ایسے الفاظ ہیں جو اُردو کا جزو بن گئے ہیں (جن کو غرائب کے مصنف نے خاص فارسی سمجھ کر اپنی کتاب میں شامل کیا تھا۔ اسی طرح آرزو نے بعض جملوں کا اضافہ کیا ہے جس کی بنا پر نوادر میں مفردات کے علاوہ چند مرکبات اور جملے بھی زائد شامل ہو گئے ہیں اگرچہ ان کی تعداد کچھ زیادہ نہیں)۔

غرائب اور نوادر کی تقابلی حیثیت پر میں غرائب کے ضمن میں مختصر بحث کر آیا ہوں جس کا ملخص یہ ہے کہ غرائب ایک معمولی کتاب ہے جس کا مطمح نظر سراپا تدریسی ہے اس کے مخاطب عام طالب العلم ہیں۔ اس کے برعکس نوادر ایک عالمانہ اور محققانہ کتاب ہے جس کے ناقدانہ حواشی فارسی

؎۱ مگر نوادر کے الفاظ کو بغور دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آرزو کی یہ کوشش کامیاب نہ ہوئی۔

اور اُردو کی لغات میں اس کتاب کو بلند مقام اور رتبہ بخشتے ہیں۔

اس کے علاوہ غرائب کے الفاظ میں ہریانی تلفظ اور قصباتی محاورہ و روزمرہ کا عنصر غالب ہے اس کے مقابلے میں آرزو وقت کی فصیح ترین زبان کو رواج دینا چاہتے ہیں۔

میر عبدالواسع نے جہلا اور عوام کی زبان اور الفاظ کو مستند اور صحیح قرار دے کر غرائب میں شامل کر لیا ہے مگر آرزو نے اگرچہ ایسے الفاظ کو نقل کیا مگر ان کے نزدیک عوام کے محاورہ اور جہال کے الفاظ کو صحیح اور فصیح الفاظ کے طور پر پیش کرنا درست نہیں۔ اس پر انھوں نے میر عبدالواسع پر کڑی نکتہ چینی کی ہے۔

اگرچہ خان آرزو بہت سے علوم میں کامل الفن مانے جاتے ہیں مگر نوادر کے غائر مطالعے سے وہ ایک بہت بڑے زباں داں اور محقق کی حیثیت سے ہمارے سامنے آتے ہیں۔ ان کی دوسری فارسی تصانیف مثلاً چراغ ہدایت اور سراج اللغات سے بھی ہمارے اس خیال کی تائید ہوتی ہے۔ وہ فارسی زبان اور ادب سے گہری واقفیت رکھتے تھے یہی وجہ ہے کہ وہ معانی اور مفہوم کی صحیح تعیین کے علاوہ مرادفات کے باریک اور لطیف امتیازات سے بھی پورے پورے واقف تھے اسی تبحر اور ژرف نگاہی کی بدولت ہم دیکھتے ہیں کہ نوادر الالفاظ میں ہر ہر صفحے پر معانی کی لطافتوں اور باریکیوں کو ہم پر واضح کرتے ہیں اور لفظوں کی معنوی خوبیوں پر سے پردہ اٹھا کر ہمیں ان کے اصلی تصورات کے قریب لے جاتے ہیں۔

ادا ایک عام لفظ ہے۔ مثلاً ادائے معشوقانہ، یا ناز و ادا وغیرہ۔ میر عبدالواسع اس کی تشریح کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ادا کیفیتے باشد معشوقاں را

کہ بہ تقریر نیاید و ذوق آں را یابد، آں"۔ اگرچہ میر صاحب کی یہ تشریح عام طور پر غلط نہیں مگر تشنہ اور ناقص ہونے کے علاوہ آن کے یہ معنی نہیں۔ آرزو کے نزدیک یہ لفظ عربی کا ہے۔ فارسی میں اکثر حرکت موزوں کے معنی میں آتا ہے مثلاً ابرو وچشم کی موزوں حرکت کو بھی ادا کہیں گے۔ ادا بعض اوقات مطلقاً بمعنی حرکت آتا ہے مثلاً ادائے خارج۔ غرض ادا معشوقوں کی کیفیت نہیں بلکہ ان کے اعضا خصوصاً چشم و ابرو کی حرکت موزوں کا نام ہے اب رہا لفظ آن سو وہ آرزو کے بیان کے مطابق ادا سے الگ کیفیت کا نام ہے۔ یہ محبوبوں کی ایک جمالی حالت اور کیفیت ہے جس کی تعبیر کسی اور لفظ سے ممکن نہیں حافظ شیراز فرماتے ہیں۔ ع

یار ما ایں دارد و آں نیز ہم

ایک اور شعر میں کہا ہے۔

شاہد آں نیست کہ موئے ومیانے دارد بندۂ طلعتِ آں باش کہ آنے دارد

برہان قاطع میں آن کے ضمن میں لکھا ہے:

"آن۔ نمک و چاشنی و حالتے و کیفیتے را نیز می گویند کہ در حسن می باشد و بہ تقریر در نمی آید"

اس ایک لفظ کی تشریح سے آرزو کی تحلیلی اور تجزیاتی صلاحیت کا حال اچھی طرح واضح ہو سکتا ہے۔

آرزو کی اس دقت نظر اور وسعت علم کا اندازہ سراج اللغات وغیرہ سے بھی ہو سکتا ہے مگر نوادر کے صفحات میں اس کے محکم تر ثبوت ملتے ہیں جس کی بنا یہ ہے کہ ان لغات کے برعکس نوادر میں محض تشریح و توضیح ہی نہیں بلکہ غرائب کی تنقید بھی ہے۔[۱]

[۱] سراج اللغات وغیرہ میں بھی فارسی لغت نگاروں کی تنقیدیں ہیں مگر وہ عام ہیں خاص نہیں نوادر میں عام تنقیدوں کے ساتھ ساتھ غرائب کی خاص تنقید بھی مد نظر ہے۔

اس کی وجہ سے آرزو کو ہر موقع پر میر عبدالواسع کی مبہم اور سست تشریحوں کو واضح اور چست کرنا پڑتا ہے۔ چناں چہ اس فرض کے تقاضے سے مجبور ہوکر مختلف الفاظ کے معین تصورات ہمارے سامنے پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور اس جھول کو دور کرتے ہیں جو عبدالواسع کی تشریحوں کا خاصہ ہے۔

یہ مسلم ہے (جیساکہ ایک دوسرے موقع پر بیان ہوا ہے) کہ میر عبدالواسع کی بہت سی غلطیاں عموم خصوص [1] سے متعلق ہیں۔ چناں چہ آرزو کی تنقید و تصحیح کا بہت بڑا میدان یہی ہے۔

مثلاً چھتری کا لفظ دیکھئے۔ میر عبدالواسع فرماتے ہیں:۔

چھتری۔ جفتے کہ تاک انگور و بیارہ خیار وکدو وغیرہ برآں اندازند، برہم۔

آرزو اس کی تنقید کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

"لیکن چھتری اعم است وآں چوب یانے باشد کہ باہم بندند درمیاں آں خانہ ہاے مربع گزارند و جفتے کہ براے تاک انگور می سازند نشنیدہ ام کہ آں را چھتری گفتہ باشد ونیز براے بیارہ خیار وکدو ساختن چھتری مرسوم نیست پس غیر برہم باشد، ونیز در رسالہ چھتری آنست کہ دو چوب بلند را بہ زمین فرو برند تا کبوتراں و جانوراں دیگر برآں نشینند وآں را اڈہ نیز خوانند وایں نیز خطاست چراکہ در ہندی آں را چھتری نگویند بلکہ چھتری آنست کہ چند چوب یانے درعرض وطول باہم بندند و بیک چوب یا جاز چوب استادہ نمایند خواہ کبوتران را برآں نشانند و خواہ

---

[1] عموم خصوص سے مراد یہ ہے کہ معنی بیان کرتے وقت جو بات عام طور پر صحیح ہے اس کو کسی ایک چیز سے خاص کر دیا جائے جو بات ایک خاص شے یا حالت سے متعلق ہے اس کو عام چیزوں سے وابستہ کر دیا جائے۔

بپارۂ عشق پیچاں وآں چہ ماناست بداں، برآں اندازند ودوچوب
کذائی راہرگز چھتری نہ خوانند بلکہ اگر برائے جانوراں شکاری مثل
باز وباشہ سازند نیواز گویند والا اڈہ۔

غالباً اس ایک تشریح سے ہی آرزو کے ذہن کے تنقیدی رجحانات کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوجاتا ہے کہ بطور ایک لغت نگار کے ان کو صحیح تعین اور کامل تشخص کا ملکہ کس حد تک حاصل تھا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ وہ معنی اور مفہوم کی تعیین میں جھول اور ڈھیلاپن گوارا نہیں کرسکتے۔ مگر میر عبدالواسع ہیں کہ دو لکڑیوں کو زمین میں گاڑکر ان کو چھتری کا نام دیتے ہیں اس کے بعد اسی کو اڈہ کے مرادف قرار دے کر اس پر کبوتروں کو بٹھا دیتے ہیں۔ حالاں کہ فارسی اور اردو زبان کے ذخیرے میں ان میں سے ہر ایک حالت کے لیے الگ الگ الفاظ موجود ہیں۔

آرزو کو اس قسم کی ڈھیلی لغت نگاری سے کس قدر چڑھ ہے اس کی مزید توثیق کے لیے نوادر میں بارہ دری، ڈنڈیا، تتھڑا، تتھی، تیل، ٹٹی، بھڑوا، ڈنڈی، بڑ، تکا، پہیلی، پہنچی، تونبڑی، ڈنڈ، اور اس طرح کی بے شمار تشریحات کو دیکھ لیجئے ان سے یہ اچھی طرح واضح ہو جائے گا کہ خان آرزو سست اور مبہم شرح کو کسی صورت گوارا نہیں کرتے بلکہ ہر جگہ اشیا اور اسما کے متعین تصورات اور ان کی باریکیوں کو ملحوظ رکھنا ضروری سمجھتے ہیں۔

ایک خاص بات جو آرزو کو فارسی اور اردو کے لغت نگاروں پر تفوق بخشتی ہے وہ یہ ہے کہ علمی وسعت کے علاوہ ان کی معلومات کا بہت سا حصہ علمی مشاہدہ اور ذاتی تجربہ پر مبنی ہے۔ وہ الفاظ کے مفہوم کی تعیین کے لیے صرف فارسی عربی کی قدیم لغات پر بھروسہ کرلینے کو کافی نہیں سمجھتے بلکہ انکی

دی ہوئی معلومات کو ذاتی تحقیق اور چھان بین سے ٹھوک بجا کر بھی دیکھ لیتے ہیں ۔ اس غرض کے لیے وہ لغت اور ادب کے عام مآخذ کے علاوہ تاریخ اور جغرافیہ کی مستند کتابوں سے استفادہ کرتے ہیں ملکوں کے عام طبعی اور مجلسی حالات اور عام رسوم و رواج کی تحقیق کرتے ہیں زندگی کے دوسرے اوضاع و اطوار کے معاملے میں ذاتی تجربہ کے ذریعے بھی تحقیق کی روشنی حاصل کرتے ہیں۔ وہ ان سب مآخذ سے استفادہ کرنے کے بعد لفظوں کے اصلی مفہوم متعین کرتے ہیں اور تقریباً ہم معنی الفاظ کے لطیف امتیازات کو واضح کرنے میں کامیاب ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ جن چیزوں کا تعلق اپنے ملک سے ہے ان کے سلسلے میں عملی تجربہ اور مشاہدہ و تحقیق سے کام لیتے ہیں اور جو چیزیں ایران و توران سے متعلق ہیں ان کی ماہیت ہندستان میں آئے ہوئے ایرانیوں اور تورانیوں سے دریافت کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ یہ بھی بتاتے جاتے ہیں کہ فلاں چیز یا قاعدہ یا رسم ہندستان میں ہے توران میں نہیں یا توران و ایران میں ہے اور ہندستان میں نہیں وہ اس طریق کار کو صرف بیرونی ممالک کے حالات و واقعات تک محدود نہیں رکھتے بلکہ ہندستان کے مختلف صوبوں اور خطّوں کے معاملے میں بھی پیش نظر رکھتے ہیں۔ اس کی وضاحت مندرجہ ذیل مثالوں سے ہو سکتی ہے۔

آڑو کی تشریح سے معلوم ہوا کہ میر عبدالواسع کے نزدیک آڑو اور آلوچہ میں کوئی فرق نہیں اس غلطی کی وجہ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے کہ آلوچہ غیر ملکی چیز ہے اس لیے ہانسوی نے سنی سنائی معلومات پر بھروسہ کرتے ہوئے آلوچہ کو آڑو قرار دے دیا۔ مگر آرزو کی تحقیق اس پر قانع نہیں۔ چناں چہ

لکھتے ہیں کہ "آڑو شفتالو کی طرح کا ایک میوہ ہے جس کا درخت بھی شفتالو سے مشابہ ہوتا ہے گویا یہ شفتالو ہی کی ایک قسم ہے۔ اور یہ جو غرائب میں اس کو آلوچہ کہا ہے یہ صحیح نہیں کیوں کہ آلوچہ ہندستان کی چیز نہیں، البتہ اب تھوڑی مدت سے شاہ جہاں آباد کے باغات میں لگا دیا گیا ہے۔ اور میں نے کئی مرتبہ اس میوے کو دیکھا ہے۔ مگر یہاں کا آلوچہ ترش ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ کابل، کشمیر اور دوسرے ٹھنڈے ملکوں کا آلوچہ بہت لطیف اور میٹھا ہوتا ہے۔"

میر عبدالواسع نے بکتر اور چار آہنہ کو مرادف قرار دیا ہے۔ اس پر لکھتے ہیں۔

" لیکن چار آہنہ آہن چار پارہ است دو بر پیش و دو بر پشت بندند و در ہندستان بہ زرہ وصل کردہ پوشند، چار آہنہ ولایت بر زرہ موقوف نیست، لہذا در محاورہ چار آہنہ بستن است و زرہ بکتر پوشیدن"

میر عبدالواسع نے تھڑا اور آفتابہ کو ایک چیز قرار دیا ہے مگر آرزو یہ کہتے ہیں کہ تھڑا خالص ہندستان کا برتن ہے ایک گھڑے جتنا اس کا پیٹ ہوتا ہے اس میں نہانے کے لیے پانی گرم کرتے ہیں۔ نہانے کا یہ طریقہ ایران میں نہیں کیوں کہ وہاں لوگ حمام میں نہاتے ہیں۔

میر عبدالواسع نے پپیہا کو شخش کا مرادف قرار دیا ہے۔ اس پر آرزو کہتے ہیں کہ پپیہا ہندستان کا پرندہ ہے ایران میں اس کو ڈھونڈھنا بہت بڑی غلطی ہے۔

اسی طرح میر صاحب ایران و توران میں پاپڑ کا سراغ لگاتے پھرتے ہیں۔ اور ایک لفظ ستر غل اس کا ہم معنی نکال لاتے ہیں مگر پاپڑ یہاں کی

چیز ہی باہر کیسے مل سکتی ہے۔

آرزو نے توتا کے ضمن میں جو تشریح کی ہے۔ بے حد دلچسپ ہے:

"توتا۔ در رسالہ جانورے مشہور کہ طوطی گویند، بلفظ .... بداں کہ توتی در ہندستاں جانورے باشد شبیہ بگنجشک مادہ و آواز خوش دارد و در بعضے وقت اورا بنات دہند، و جانورے کہ اورا طوطی گویند غیر آن است و آں مطلق شکر نمی خورد و عامہ شعرائے ہند و ایران طوطی را شکر خوار گویند و حال آں کہ طوطی کہ آں را بہ ہندی توتا خوانند باشکر کارے ندارد و جانورے کہ شکر می خورد توتی است چناں کہ گذشت و او غیر توتہ است پس نسبت شکر خواری بہ طوطی غلط باشد، با وجود دانستن ایں مراتب ما نیز ہمیں قسم می بندیم، چہ کنیم اتباع سلف را دریں قسم امور واجب می دانیم ...."

ان مثالوں سے آرزو کی فراوانی معلومات اور مشاہدات زندگی اور تجربات کی وسعت کا حال بخوبی واضح ہوتا ہے۔ لغت نویسی کے اس اسلوب کی وجہ سے ان کو اردو فارسی کے لغت نگاروں میں ممتاز ترین مقام دیا جاسکتا ہے خصوصاً نوادر الالفاظ کے مصنف کی حیثیت سے ان کا رتبہ بہت بلند ہے کیوں کہ نوادر کو (لغت کی کتاب ہونے کے علاوہ) معلومات عامہ کا مخزن بھی قرار دیا جاسکتا ہے۔

اس کتاب کے مطالعے سے بعض عجیب و غریب غلط فہمیاں رفع ہوتی ہیں جو عام معلومات کے اعتبار سے مسلمات کی فہرست میں شامل تھیں۔ اس کے علاوہ نوادر کے بعض بیانات سے اس زمانے کے عام ملکی اور مجلسی حالات پر نہایت معلومات افزا روشنی پڑتی ہے۔

اس موقع پر میں چند ایسے الفاظ کی فہرست پیش کرتا ہوں جن کے ضمن میں دل چسپ معلومات اور مشاہدے درج ہیں۔

آڑو۔ اگاڑی ۔ اندرسا۔ بکتر۔ بھگتیا ۔ پاپڑ۔ پپیہا۔ پٹو۔ پتر۔ پنیر بنڈول ۔ تتھڑا۔ تکیا۔ توتی ۔ چھپر کھٹ ۔ چھتری ۔ چھتا۔ ڈلی ۔ دستکی۔ ڈوریہ۔ راگنی ۔ سرمنڈلہ ۔ رائتا۔ سرنگ ۔ سورج مکھی ۔ سؤا ۔ سیلی ۔ سہرا ۔ سیس پھول فیل مرغ ۔ کھاٹ ۔ کپڑکوٹ ۔ گچی ۔ گبسو ۔ گولا ۔ متی ۔ مور ۔ ملک ۔ ناس دانی تلک ۔ ڈھولکی ۔ جامن ۔ چنبیلی ۔ چمبک ۔ چھوڑنا ۔ ٹیسو ۔ چودھری ۔ ہجیرا۔ ڈنڈیا۔ ڈنڈ۔

فیلولوجی یا لسانیات کے سلسلے میں سراج الدین علی خاں آرزو کا نام اس خاص حیثیت سے یکتا ہے کہ وہ پہلے بزرگ ہیں جنھوں نے فارسی اور ہندی (یا سنسکرت) کی وحدت اور توافق کا راز دریافت کیا۔ تقابلی لسانیات کے سلسلے میں جرمن فضلا نے بہت کام کیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس کارنامے کا سہرا عموماً انہی مستشرقین کے سر باندھا جاتا ہے۔ مگر ہمارا گمان یہ ہے کہ ایرانی اور ہندستانی زبانوں کی اصولی وحدت کا انکشاف سب سے پہلے خان آرزو نے کیا ہے۔ چناں چہ انھوں نے اپنی اکثر کتابوں میں اس بات پر بڑے فخر کا اظہار کیا ہے، اور سراج اللغات، چراغ ہدایت، شرح سکندر نامہ، مثمر، نوادرالالفاظ، غرض جہاں کہیں بھی انھیں اظہار کا موقع ملا ہے انھوں نے اپنی یکتائی کا اعلان ضرور کیا ہے۔

مثمر، خان آرزو کے لسانیاتی نظریات اور قواعد زبان کے سلسلہ میں بڑی قیمتی کتاب ہے۔ ہر چند موجودہ زمانے کی تحقیق کی وسعت کے پیش نظر آرزو کے بعض خیالات جن کا مثمر میں اظہار ہوا ہے آج لائق اعتنا نہ سمجھے

جائیں گے بایں ہمہ اس کتاب میں اُردو فارسی فیلولوجی کے بارے میں بہت سی باتیں ایسی بھی ہیں جو آج بھی کار آمد ہیں۔ (اس اصول سے کہ فارسی اور ہندی میں بہت سے الفاظ مشترک ہیں اور ان دونوں زبانوں میں اصولی وحدت موجود ہی) لغت نگاری کے سلسلے میں خان آرزو نے بہت فائدہ اٹھایا ہی چناں چہ مثمر میں ایک موقع پر لکھا ہی :۔

"تاالیوم ہیچ کس بہ دریافت توافق زبان ہندی و فارسی باآں ہمہ کثرت اہل لغت چہ فارسی وچہ ہندی و دیگر محققان ایں فن مہتد نہ شدہ الا الفقیر آرزو، وکسے کہ متبع وپیرو ایں عاجز باشد و ایں را اصل مقرر کردہ وبنائے تصحیح بعضے از الفاظ فارسیہ بریں گذاشتہ چناں چہ درکتب مصنفہ خود مثل سراج اللغۃ وچراغ ہدایت وغیرہ نوشتہ ام وعجب است از رشیدی وغیرہ کہ در ہندستان بودہ اند وہیچ لحاظ نہ کردہ اند کہ دریں دو زبان توافق است (مثمر ورق ۹۳ ب۔قلمی ۔ پنجاب یونیورسٹی)

آرزو نے نوادرالالفاظ میں بھی توافق کے اصول سے بڑا کام لیا ہی۔ اور جا بجا اس اصول کے ماتحت قاعدے بناتے چلے گئے ہیں۔ ذیل کی فہرست میں وہ الفاظ درج ہیں جن میں آرزو کے نزدیک توافق پایا جاتا ہی یعنی یہ وہ الفاظ ہیں جو ہندی سنسکرت اور فارسی میں مشترک ہیں:

ابھر (فارسی ابر)۔ اپ (فارسی اب)۔ اجوائن۔ (اجود)۔ اڈا۔ (فارسی اده)۔ آرا (فارسی اره)۔ اسو (فارسی اسپ)۔ بہات (عربی بہط) بٹا (فارسی بتہ)۔ برچھی (فارسی برچخ)۔ بسورنا۔ (عربی بسور۔ رو ترش کردن) بوتا، بوٹہ (فارسی بوتہ) بہانہ (فارسی پانہ)۔ پٹو (فارسی پتو)۔ پرمیو (فارسی پرمیہ)

پھونک (فارسی پوک)۔ پونی (فارسی پنجک)۔ تھل (فارسی تل)۔ تن سکھ (فارسی تنسخ۔تنسوق)۔ گلا (فارسی گلو بمعنی ٹپ)۔ جوا (فارسی جو، جوہ)۔ چیچ (فارسی ججج)۔ چھاگل (فارسی چغل)۔ چاکسو (فارسی چشنک)۔ چپو (فارسی چپہ)۔ لاٹو (فارسی لاتو)۔ بمعنی چکئی۔ چوکرہ (فارسی یا ترکی چہرہ)۔ چوچی (فارسی چچو)۔ (داک (فارسی تاک)۔ دیئوک (فارسی دیوک)۔ رندا (فارسی رندا)۔ رونگٹے روؤاں (روم رونگ)۔ ریٹھا (فارسی ریتہ)۔ کھیس (عربی خیش)۔ گھڑی (فارسی گری) بمعنی گھڑیال۔ کچھوا (عربی کشف)۔ کرن (عربی قرن)۔ کونپل (فارسی کوپل)۔ کیس (فارسی گیس وگیسو)۔ گراہ (فارسی گراس) لیل (فارسی لار، لیر)۔ ہینگ (فارسی انگ)

ہندی اور فارسی کے مشترک الفاظ کی یہ فہرست جامع نہیں۔ نوادر میں بہت سے اور الفاظ بھی اس طرح کے مل جائیں گے مگر یہ سوال باقی رہے گا کہ ان میں سے کون سے الفاظ ایسے ہیں جو اصولی اور بنیادی طور پر اس قدیم آریائی زبان سے متعلق ہیں جو دو حصوں اور دو شاخوں میں بٹ جانے سے پہلے کی زبان تھی۔ کیوں کہ اس فہرست میں کچھ ایسے الفاظ بھی مل جائیں گے جو سنسکرت اور ہندی کے ذخیرے میں بعد کی فارسی سے داخل ہوئے اسی طرح وہ الفاظ بھی ہیں جو بعد کی ہندستانی زبانوں سے فارسی کے خلط ملط کا نتیجہ ہیں۔ آرزو نے اپنی ساری تحقیق کے باوجود اس امتیاز کا کچھ زیادہ خیال نہیں کیا بلکہ اپنی دریافت کے جوش مسرت سے مغلوب ہو کر عربی الفاظ میں بھی توافق کا اصول جاری کر دیا حالاں کہ اس زبان کے ساتھ ہندی یا سنسکرت کا کوئی رشتہ و پیوند قائم نہیں کیا جا سکتا۔[1]

---

[1] توافق لسانین کی مفصل بحث کے لئے ملاحظہ ہو مثمر (قلمی) مصنفہ خان آرزو نیز میرا مضمون "فارسی کے زیر سایہ اردو زبان کی ترقی" رسالہ اردو جولائی سنہ ۱۹۴۳ء ص ۲۷۸ و مابعد۔

جیلی۔ کھلیان میں بالیوں کو سمیٹنے کے لئے ایک دو شاخہ لکڑی۔
آرزو لکھتے ہیں : " در ہندی متعارف گوالیار کہ افصح السنہ ہندی است پچانگرا گویند "۔

اگل ..... " بہ زبان گوالیار کہ افصح زبان ہاے ہندی است بیٹڑہ گویند"

گانڈر ..... " زبان مردم گوالیار و اکبر آباد کہ افصح السنۂ ہندی است ... "

ان کے علاوہ مندرجہ ذیل الفاظ کے ضمن میں بھی گوالیاری اور برج کا ذکر آیا ہے :-

کنڈل ۔ کھو۔ کپڑکوٹ ۔ تلسی ۔ پاسی ۔ ابیت ۔

گوالیاری زبان کے بارے میں آرزو کی اس رائے کے دو اسباب ہیں ایک تو یہ کہ وہ خود اکبر آباد اور گوالیار سے متعلق ہیں دوسرے یہ کہ اس زمانے تک خاص دہلی کی زبان کو وہ سرکاری اور مرکزی اہمیت حاصل نہیں ہوئی تھی جو بعد میں اس کو حاصل ہوئی ۔ دہلی کے عوام ایک مخلوط قسم کی زبان بولتے تھے جس کو بانگڑو کے نام سے یاد کیا جاتا ہے ۔ اس میں ہریانی الفاظ اور قصباتی محاورے کی خاصی آمیزش تھی ۔ خان آرزو نے اصلاح زبان کے سلسلے میں سب سے پہلے انھی الفاظ کی فصاحت اور عدم فصاحت کی طرف توجہ کی ۔ اور یہ کہنا شاید غلط نہ ہوگا کہ اردو کے ابتدائی لہجہ و تلفظ کو معین کرنے اور ٹکسالی اردو کو مشتہر کرنے میں انھوں نے ایک مؤسس اور واضع اول کا کام کیا۔ اصلاح زبان کی باقی سب کوششیں اس کے بعد کی ہیں ۔ اس سلسلے میں یہ بتانا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ خان آرزو کے زمانے میں زبان اردو کی اصلاح ایک مخصوص مفہوم اور محدود معنی رکھتی تھی ۔ غالباً آرزو ہی پہلے مصنف ہیں جن کی تصانیف میں اردو کا لفظ

زبان کے معنی میں استعمال ہوا ہی کیوں کہ تحسین (نوطرز مرصع) شاہ مراد لاہوری (نامہ مراد) اور مصحفی کا زمانہ آرزو سے مؤخر ہی [۱]

نوادر الالفاظ میں لفظ اُردو کئی موقعوں پر آیا ہی مثلاً :۔

رجواڑہ ..... بدیں معنی اصطلاح شاہجہاں آباد است بلکہ اہل اُردو است کہ ایں قسم اماکن اکثر در لشکر راجہ ہا می باشند والا در اصل رجواڑہ جائے بودن است "

گزک ... " در اصطلاح اہل اُردو نوع است از شیرینی کہ از کنجد و شکر سازند"

نکتوڑہ .... " در عرف اُردو وغیرہ بمعنی صرف ناز و غرور است و بمعنی سوراخ بینی ......"

ہڑبھنا .... بزبان اُردوئے اہل شہر نیست شاید زبان قریات و مواضع باشد و بدیں معنی نکلنا شہرت دارد"

اُردو کا لفظ خان آرزو کی تصنیف مثمر میں بھی بعض موقعوں پر استعمال ہوا ہی— میں اس سے پہلے کہہ آیا ہوں کہ خان آرزو علاوہ فارسی کے ہندستان کی بہت سی زبانوں کے ماہر تھے۔ مگر جہاں تک میں نے غور کیا ہی ان کا کمزور ترین پہلو یہ معلوم ہوتا ہی کہ انھیں عربی زبان اور ادب میں وہ دسترس نہ تھی جو فارسی یا ہندستانی کے معاملے میں انھیں امتیاز بخشتی ہی۔ یہی وجہ ہی کہ میر عبدالواسع ہانسوی کی کتاب کی تصحیح کرتے وقت وہ سب سے زیادہ عربی الفاظ کے معاملے میں پھسلے ہیں۔ بایں ہمہ عربی میں متوسط قابلیت انھیں حاصل تھی۔ انھیں قدرت نے فطری طور پر ایک زباں داں پیدا کیا

---

[۱] ان بحثوں کے لئے ملاحظہ ہو پروفیسر شیرانی کا مضمون "اُردو کے مختلف نام" (اورنیٹل کالج میگزین ۲۹ ۱۹ء)

تھا اس لئے عربی میں بھی وہ اور فارسی لغت نگاروں سے بہتر ثابت ہوئے ہیں۔
ان کی زباں دانی اور عام لسانیاتی دل چسپی کا ایک ثبوت یہ ہی کہ وہ نوادر میں جا بجا ہندستان کی مختلف زبانوں کے حوالے سے الفاظ کی تصحیح و تعیین کرتے ہیں۔ رائج الوقت فصیح ہندی کے علاوہ مقامی بولیوں سے بھی اچھی طرح واقف تھے۔ اس عام واقفیت کی وجہ سے انھیں الفاظ کی لغوی تحقیق اور ان کے مختلف تلفظات کے جانچنے کا خوب موقع ملا ہی نوادر الالفاظ کے اوراق میں اُنھوں نے جن جن ہندستانی زبانوا، کا تذکرہ کیا ہی ان کی فہرست یہ ہی:—
ہندی کتابی (سنسکرت)۔ گوالیاری (برج)۔ ہندی راجپوتی (راجستانی) کشمیری یا ہندی کشمیری۔ ہندی پنجاب (یعنی پنجابی)۔ زبان مردم پنجاب۔ زبان اُردؤ۔ زبان اکبرآباد و شاہ جہاں آباد اصطلاح شاہجہاں آباد اہل اُردؤ۔ ہندی فصحا۔
زبان اُردؤ کے محقق اور مورخ کے لئے یہ بات فائدے اور دل چسپی سے خالی نہ ہوگی کہ نوادر الالفاظ عہد عالم گیری سے لے کر شاہ عالم ثانی کے زمانے تک کی زبان اُردؤ پر سیر حاصل روشنی ڈالتی ہی۔ یہ وہ زمانہ ہی جس میں اُردؤ اپنی تعمیر کے عبوری دور سے گذر رہی تھی اس زمانے میں اس کی جو حالت تھی اس کو جاننے کے لیے غرائب اور نوادر دونوں ہمارے لیے نہایت مفید ماخذ ثابت ہوسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ بھی جاننا ضروری ہی کہ غرائب اور نوادر دونوں ایک ہی زباں کے مختلف رنگوں کا اظہار کرتی ہیں۔ غرائب اور نوادر کی زبان اور الفاظ کا فرق نہ صرف قصباتی اور شہری محاورے کا فرق ہی بلکہ اس سے اورنگ زیب اور محمد شاہ اور احمد شاہ

کے ادوار کا فرق بھی ظاہر ہوتا ہے۔ ہر چند کہ یہ دور بہت مختصر ہے مگر زبان اُردو کی تعمیر کے سلسلے میں اس کو بحرانی اور انقلابی دور کہا جا سکتا ہے۔ اس لحاظ سے نوادر الالفاظ زبان کے مطالعہ کے سلسلے میں بڑی قیمتی کتاب ہے کیوں کہ اس کے ذریعے اس زمانے کی معیاری زبان کا حال معلوم ہوتا ہے خان آرزو نوادر الالفاظ میں کئی موقعوں پر غرائب کے الفاظ کو " زبان جہال" یا " زبان وطن صاحب رسالہ" کے پُرحقارت نام سے یاد کرتے ہیں۔ اور اس کے مقابلے میں گوالیاری زبان کو ہندستان کی فصیح ترین زبان قرار دیتے ہیں چناں چہ مندرجہ ذیل الفاظ کی تشریح کے ضمن میں لکھا ہے :—

> ایواڑہ۔ بمعنی باڑہ۔ آرزو کہتے ہیں " ایواڑہ زبان وطن صاحب رسالہ خواہد بود .... بہ زبان برج و گوالیار کہ افصح است آں را کھرک گویند "

ایک جگہ پہلوی اور دری کا انھوں نے فرق بتایا ہے :—

> " از تعریف ایں ہر دو زبان چناں واضح میشود کہ دری قرار دادہ مردم کوہ و درہ است و پہلوی زبان شہر و پہلو نزد مجد الدین توسی از عالم آردو است۔ حالا بہ تحقیق پیوست کہ دری و پہلوی در معنی یکے است چرا کہ دری عبارت از آں است کہ بر در ملوک و سلاطین بداں تکلم می نمودند و پہلوی آں کہ در پہلو کہ عبارت از آردو است بداں تلفظ داشتند ..... پس بہ تحقیق پیوست کہ افصح زبان ہا زبان آردو است و فارسی، ہمیں جا معتبر است و زبان خاصۂ ہر ملک در شعر و انشا منظور نیست، ازیں جاست کہ

شاعر از ہر ملک مثلاً خاقانی از شروان و نظامی از گنجہ وسنائی از غزنین
وخسرو از دہلی بہمان "زبان مقرر" حرف زدند وآں نیست مگر زبان
اُردو" (مثمر-قلمی ورق ۶ و ۷)

یہ سارا بیان فارسی سے متعلق ہی اور اس میں جہاں کہیں اُردو کا لفظ استعمال ہوا ہی وہ ہماری زبان آردو سے براہ راست علاقہ تو نہیں رکھتا مگر اس سے زبان اُردو کے بنیادی معنی و مفہوم اچھی طرح واضح ہو جاتے ہیں۔ گویا آرزو کے نزدیک زبان اُردو وہ ہی :-

(۱) جس میں بادشاہ اور امرا وسلاطین تکلم کرتے ہیں۔
(۲) شہری زبان (بمقابلہ قصبات کی زبان کے)
(۳) وہ "زبان مقرر" (یا ٹکسالی اور معیاری زبان) جو ادب وشعر انشا کی زبان بننے کے قابل ہوتی ہی اور لوگ اسی کو معیاری زبان سمجھتے ہیں۔

زبان اُردو کے مفہوم کو واضح کرنے کے لیے میں مثمر سے ایک اور اقتباس پیش کرتا ہوں :-

"ولفظ برسات کہ بفتح ہائے موحدہ ورای مہملہ وسین بالف کشیدہ
وفوقانی بمعنی موسم مخصوص بارش ظاہرا ہندی الاصل است ومی تواند
محاورۂ مولدین کہ عبارت است از اہل اُردو کہ اختلاط تمام بازبانہاے
عربی وفارسی دارند" (مثمر قلمی ورق ۸۸ و ۸۹)

خان آرزو عام ہندستانی زبان یا زبانوں کے لئے ہندی کا لفظ لاتے ہیں (اور سنسکرت کے لیے ہندی کتابی) مگر اُردو ان کے نزدیک محاورۂ مُولدین ہی۔ یعنی ہندی کی وہ خاص شکل ہی جو عربی فارسی الفاظ کی آمیزش سے

تیار ہوئی ہو اسی لفظ برسات کی تحقیق کرتے ہوئے مثمر میں لکھتے ہیں :۔

"واہل اُردو موافق قاعدہ عربی آرند مثل پرگنات کہ جمع پرگنہ"
ورق ۸۸ ب۔

دادِ سخن آرزو کی ایک اور تصنیف ہو اس میں اُردو شاعری کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

نیز بداں کہ نظیر ایں ماجرا احوال شعرائے ریختہ ہند است وآں شعرے است بہ زبان ہندیٔ اہل اُردوئے ہند غالبًا بطریق شعر فارسی وآں الحال بسیار رائج ہندستان است وسابق در دکن رواج داشت بہ زبان ہماں ملک"

ان اقتباسات سے ہندی، زبان ہندی اہل اُردو، اور ریختہ کی حدود بہت حد تک معین ہو جاتی ہیں۔ اس کی مزید وضاحت کے لیے آرزو کے کچھ اور اقوال ملاحظہ ہوں۔ چھنل۔ چھنال کے ضمن میں لکھتے ہیں:

معلوم نیست کہ لغت کجا ست ما مردم کہ از اہل ہندیم ودر اُردوئے معلّی می باشیم نشنیدہ ایم۔

رجواڑہ کی تشریح میں پہلے لکھ آیا ہوں :

"بدیں معنی اصطلاح شاہجہاں آباد است بلکہ اہل اُردو است کہ ایں قسم اماکن اکثر درلشکر راجہ ہا می باشند"

جیساکہ پروفیسر شیرانی نے اپنے ایک مقالے میں تصریح کی ہو "آرزو کے نزدیک اُردوئے معلّی سے مراد شہر دہلی کی آبادی کا وہ حصہ ہو جو قلعہ معلّی کے قرب وجوار میں ملازمت شاہی کی وجہ سے آباد ہو اور جس میں فوجی منصب دار، درباری اور دیگر ملازمین شامل ہیں۔ یہ لوگ شہر کے دوسرے

حصوں کے مقابلے میں قدرتاً زیادہ شستہ اور مہذب سمجھے جاتے تھے اور ظاہر ہے کہ اس طبقے کی زبان زیادہ صاف ستھری ہوگی ۔ یہی وہ زبان ہے جسے آرزو متمرین " زبان مقرر " کا خطاب دے رہے ہیں۔

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ خان آرزو اُردو اور آردوئے معلّی کی اس توضیح کے باوجود برج اور گوالیری زبان ہی کو " افصح السنہٗ ہندی " کہتے ہیں اور الفاظ کی فصاحت کے سلسلے میں زبان دہلی کے مقابلے میں اسی کو اہمیت اور ترجیح دیتے دکھائی دیتے ہیں۔ مگر زبان اُردو کی حیرت انگیز ترقی کو دیکھئے کہ تھوڑے عرصہ کے بعد سید انشا اللہ خاں اسی کے متعلق دریائے لطافت میں لکھتے ہیں :

> " ایں مجمع (یعنی اہل دہلی) ہر جاکہ برسد اولاد آں ہا دلی وال گفتہ شوند و محلہ ایشاں محلہ اہل دہلی ، واگر تمام شہر را فراگیر ند آں شہر را اُردو نامند "

مگر اُردو اور زبان اُردو کا یہ وسیع مفہوم کچھ بعد کی چیز ہے جب شہر دہلی کی زبان کی مرکزی اور ادبی حیثیت علی العموم تسلیم کی جا چکی تھی۔

خان آرزو کے زمانے کی فصیح زبان اور بعد کی ٹکسالی زبان کا فرق اگر دیکھنا منظور ہو تو نوادر الالفاظ کے ان الفاظ کی فہرست بنا لیجئے جو فرہنگ آصفیہ اور نور اللغات میں نہیں ملتے ۔ آرزو کے زمانے میں اور ان کے بعد زبان کی اصلاح اور حذف و ترک کا جو سلسلہ شروع ہوا اور کم وبیش آج تک جاری ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ نوادر کے بیسیوں الفاظ جنھیں آرزو نے فصیح قرار دیا تھا زبان کے ذخیرے سے نکل گئے ہیں ۔ آج ملک میں توسیع زبان کی جو تحریک چل رہی ہے ۔ اس کے سلسلہ میں

نوادر کے اس ذخیرۂ الفاظ سے پھر فائدہ اٹھایا جا سکتا ہی۔ اس نقطہ نظر سے بھی نوادر بہت اہمیت رکھتی ہی۔

یہ صحیح ہی کہ آرزو نے میر عبدالواسع کی قصباتی اور عوامی زبان کے مقابلے میں شہری اور فصیح تر محاورے کو رائج کرنے کی کوشش کی اور جہلا کے تلفظ اور لہجے کے مقابلے میں شستہ اور مہذب شہریوں کے تلفظ کو رواج دیا (مثلاً روش بر وزن ہوش کی جگہ رِوش، بیرکھ کی جگہ، بیرق اور جچا کی جگہ زچا، وغیرہ وغیرہ) مگر نوادر میں ایسے الفاظ کی کمی نہیں جو آج دہلی تو کیا عام اردو زبان میں بھی بہت کم استعمال ہوتے ہیں بلکہ بعض تو مطلقاً متروک ہو چکے ہیں مثلاً:-

اہوری۔ ایپیا، باٹ موئی، بھنڈ بخت۔ بولوا۔ گرجھ۔ پھٹی۔ دھالا۔

اس کے علاوہ بہت سے الفاظ ایسے بھی ہیں جن کے تلفظ پر راجستانی، پنجابی، ہریانی اور عام قصباتی رنگ غالب ہی۔ مثلاً بعض لفظوں میں ڑ کی بجائے ڈ: ماڈھی بجائے ماڑی، ساڈھو بجائے ساڑھو۔ اسی طرح پڑی بجائے پڑیا، پساری بجائے پنساری، منجہ بجائے پلنگ، خلقا بجائے خرقا، گھلنا بجائے کشتی کرنا، وغیرہ وغیرہ۔

یہ صحیح ہی کہ اس قسم کے الفاظ غرائب سے منتقل ہوئے ہیں مگر آرزو نے ان میں سے بیشتر کو اپنی کتاب کے بنیادی لفظ قرار دے کر اُن کی صحت کو تسلیم کیا ہی۔

غرائب اور نوادر کے مطالعہ سے اردو زبان کی تاریخ کے ایک اور پہلو پر بھی روشنی پڑتی ہی۔ اس پہلو کا تعلق دخیل الفاظ سے ہی۔ یعنی عربی فارسی اور ترکی کے ان الفاظ سے جو ہانسوی اور آرزو کے زمانے تک

جزوِ زبان بن چکے ہیں۔

غرائب میں اس قسم کے الفاظ خاصی تعداد میں موجود ہیں ان میں بہت سے ایسے ہیں جو عوام کی زبانوں پر چڑھ کر کسی حد تک اپنی شکل اور صورت کو بھی بدل چکے ہیں۔ میر عبدالواسع عموماً اس قسم کے الفاظ کو ان کی آخری یعنی بگڑی ہوئی صورت میں لکھ کر ان کو خاص اُردو بنا لیتے ہیں اور ان کے لئے فارسی عربی مرادفات لاتے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہو کہ وہ الفاظ اس زمانے کی اُردو کا حصّہ بن چکے تھے مثلاً :-

ادا، آن، اسپغول، آفتادا، امام، اوربیب، بخاری، بقچا، بیرکھ، پتادا، گرہچہ، جلیبی، چپاتی (۱)، چاکو، چاکسو، چمچا، چلون، خود، دلیا، روش، پوُمیش، سورتی، ترکش، تانبا (طمہ)، موچنہ، نواز، نہالی، سوغات، جلاہہ، ساری (لباس کا نام)، کھیس، بیکھ، شاہ بالا، سوغات وغیرہ۔

ان میں سے بیش تر الفاظ ایسے ہیں جن کی " اردویت " اس حد تک مسلّم ہو چکی ہو کہ بہت کم لوگ ان کے حسب و نسب کے متعلق شک و شبہ میں مبتلا ہوں گے۔

خان آرزو نے بھی نوادر میں اسی قسم کے چند الفاظ کا اضافہ کیا ہو (یعنی وہ ایسے لفظ ہیں جو غرائب میں موجود نہیں) ان لفظوں کی وہ خصوصیت جو انھیں غرائب کے اسی قبیل کے الفاظ سے ممتاز کرتی ہو یہ ہو کہ میر عبدالواسع کے لائے ہوئے الفاظ دخیل الفاظ کی آخری بگڑی ہوئی صورت میں (جس طرح کہ عام لوگوں میں مستعمل ہیں) ہمارے سامنے آتے ہیں مگر خان

سلہ اُردو کا مشہور لفظ چپت (چپت لگانا) بھی اسی سے ہو۔

آرزو کے الفاظ اپنی اصلی شکل میں موجود ہیں مثلاً فراش، فیل مرغ، قرقرہ وغیرہ وغیرہ۔ اس کے علاوہ خان آرزو ان الفاظ کے جو خود فارسی وغیرہ سے آئے ہیں فارسی، عربی، ترکی مرادفات لانے کے حق میں نہیں۔

دخیل الفاظ کے تلفظ اور املا کے سلسلے میں آرزو کی رائے یہ ہے کہ اس معاملے میں لفظ کی وہ صورت (مکتوبی یا ملفوظی) اختیار کی جائے جو اہل زبان (عوام و خواص دونوں) میں رواج پذیر ہو چکی ہو۔ ایسے لفظوں کے لئے اصلی زبان کی پیروی ضروری نہیں البتہ یہ ضرور ہے کہ اپنی زبان میں اس کی وہ صورت سامنے رہنی چاہیئے جو محض عوام ہی میں مروج نہ ہو بلکہ عام و خاص سب کے نزدیک مسلم ہو چکی ہو۔

نوادر الالفاظ میں چند الفاظ ایسے بھی ہیں جو خالص سنسکرت (یعنی ہندی کتابی) سے براہ راست اُنھوں نے لئے ہیں۔ یہ لفظ غرائب میں موجود نہیں۔ معلوم نہیں ایسے الفاظ کو شامل کرنے سے آرزو کا مقصد کیا تھا کیوں کہ یہ لفظ بہت حد تک غیر مانوس ہیں اور اُردو زبان میں کبھی کھپ نہیں سکے۔ شاید سنسکرت سے واقفیت کا اظہار مقصود تھا۔ بہر حال ان کا یہ اضافہ چنداں قرین صواب معلوم نہیں ہوتا۔ مثلاً ذیل کے الفاظ:-

اپاس، اپاسنا، اپ (= اب)، ابھر (= ابر)، لبسی، کرن، کترم، اسو (= اسپ) [1]

آرزو کو سنسکرت زبان میں کہاں تک دسترس تھی اس کا صحیح اندازہ میں نہیں کرسکا۔ گمان غالب یہ ہے کہ ان کی واقفیت سرسری اور معمولی تھی۔

---

[1] مندرجہ ذیل الفاظ کے ضمن میں بھی ہندی کتابی کا ذکر کیا ہے:۔ بڑ، ٹیکا، کلال، گھوڑا،

نوادر الالفاظ میں ضمنی طور پر قواعد زبان کے متعلق بھی مفید اشارے ملتے ہیں جن کو دیکھ کر یہ کہنا بے محل معلوم نہیں ہوتا کہ اُردو زبان کے صرفی اور نحوی قاعدوں اور اصولوں کی طرف سب سے پہلے غالبًا اُنھوں نے ہی توجہ کی۔ قواعد کے سلسلے میں ہمارے پاس قدیم ترین کتابیں دستشرقین کی بعض تصانیف سے قطع نظر) انشا اور قتیل کی دریائے لطافت اور اس کے قریب قریب زمانے کی کتاب دستور الفصاحت (از احد علی یکتا) ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ مستقل تصنیف کی حیثیت سے اس معاملے میں فوقیت انھی بزرگوں کو حاصل ہو مگر غالبًا اس سے انکار نہ کیا جا سکے گا کہ خان آرزو نے مثمر اور نوادر میں قواعد اُردو کے اصول ومبانی کے متعلق متفرق طور پر جو اشارات کئے ہیں ان کو اس فن کی قدیم ترین اور اولین کوشش قرار دیا جا سکتا ہے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ آرزو کا فکر و دماغ اپنی سب تصانیف میں محض قواعد صرف ونحو کی بجائے فقہ اللسان (فلالوجی) کے اصولوں کی دریافت اور انکشاف میں منہمک نظر آتا ہے۔ ان کا دائرہ بحث صرف اُردو اور ہندی تک محدود نہیں بلکہ وہ ہندستانی اور ایرانی زبانوں کے باہم خلط ملط اور فعل وانفعال کے راز معلوم کرتے رہتے ہیں۔ اس وسیع کوشش کے ضمن میں اُنھوں نے زبان اُردو کے قاعدوں سے بھی کہیں کہیں بحث کی ہے جن کا مطالعہ محقق زبان کے لیے بے حد مفید ہو سکتا ہے۔

نوادر الالفاظ میں زبان میں تصرفات کے قاعدوں، املا اور تلفظ کے قاعدوں اور ردوبدل کے دوسرے اسباب کے متعلق اشارات جن الفاظ کے ضمن میں آئے ہیں ان کی فہرست یہ ہے:—

اسو، آفتاوا، اوکساتا، انب، آنکس، باٹ موئی، بادلی، بچھا،

اوریب (اوریو)، بگھار، بیرکھ، پوئیش، تسما، توتی، تھلی، ٹوپ،
جمنا، جاگیر، جوہر، چکوا، چلا، خرچی، خشخشت، دانت میں تنکا پکڑنا،
سوارو، خلولا، فاختائی۔

اُردوٗ الفاظ کی املا کے متعلق آرزو نے یہ قاعدہ باندھا ہو کہ وہ لفظ جن
کے آخر میں ایرانیوں کے نزدیک فارسی میں ہ آتی ہو جب وہ اُردوٗ میں
داخل ہو جاتے ہیں تو ان کی املا میں وہ ہ، الف سے بدل جانی چاہیئے۔
چناں چہ چلاّ کے ضمن میں لکھتے ہیں :۔

"... چلہ خود لفظ فارسی است غایتش ہندیان موافق لہجہ خود
آں را بالف خوانند مثل چچا، بداں کہ ایں قسم لفظ کہ آخر آں ہائے
مختفی بود فارسیاں آں را بہائے مختفی تلفظ کنند و ہندیان باالف
مثل بنگالا و مالوا و روپیا کہ زرِ رائج ہندستان است آنہا بنگالہ و
مالوہ و روپیہ گویند و نویسند چناں چہ از کلام اساتذہ و محاورہ اہل زبان
بہ ثبوت رسید، پس در ہندی ایں قسم الفاظ را بہ ہائے مختفی خواندن
غلط باشد و در فارسی بالف، و آں چہ در عہد عالم گیری ایں قاعدہ
برہم خوردہ بود و در دفاتر بنگالا و مالوا وغیرہ ہا بالف می نوشتند محض
غلط، و منشاء آں غفلت از تحقیق است۔"

(اس کے لئے لفظ بقچا کے علاوہ مثمر کے وہ حصے بھی ملاحظہ کئے جائیں
جہاں الف اور ہائے مختفی کی بحث آئی ہو) ہمارے زمانے میں املا کی
